6 مئی 2016ء

جعلی کرنسی سے متعلق کوئی پریس نوٹ جاری نہیں کیا گیا، اسٹیٹ بینک

بینک دولت پاکستان نے بعض اخبارات میں شائع ہونے والی اس خبر کو قطعاً مسترد کردیا ہے جس میں غیر ذمہ دار عناصر کی جانب سے بازار میں 500، 1000 اور 5000 روپے کے جعلی کرنسی نوٹوں کی گردش کا ذکر کیا گیا ہے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو جاری کیے گئے بیان میں اسٹیٹ بینک کے ترجمان نے کہا کہ خبر میں اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ کسی پریس نوٹ کا براہ راست حوالہ دیا گیا ہے جو غلط ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اسٹیٹ بینک اپنی پریس ریلیز تمام میڈیا ہاؤسز کو جاری کرتا ہے اور اس کے علاوہ اپنی ویب سائٹ پر بھی پوسٹ کرتا ہے۔

ترجمان نے میڈیا سے درخواست کی کہ اس قسم کے عوام پر اثرات مرتب کرنے والے اور حساس نوعیت کے معاملات کے بارے میں معلومات شائع کرنے سے پہلے اسٹیٹ بینک کے ترجمان سے حقائق معلوم کرلیا کریں۔

***